© rasailojaraid.com



نام کتاب: اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ترتیب وتحقیق: ابو محمد عبدالمالک

صفحات: ۱۳۶ قیمت: درج نہیں

ناشر: مکتبہ الرازی۔ دکان نمبر۲ سلام کتب مارکیٹ۔ علامہ بنوی ٹاؤن۔ کراچی

تبصرہ نگار: ملک نواز احمد اعوان

جناب سرورِ کائنات، رحمۃ للعالمین، فخر موجودات، شفیع المذنبین، خاتم النبیین محبوب رب العالمین محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکات کی وجہ سے ہمیں ایمان کی دولت نصیب ہوئی اور ہم اللہ جل شانہٗ کے پسندیدہ دین اسلام کے متبع ہوئے۔ ہر مسلمان کے دل میں سرکار ﷺ کی محبت و الفت کی مہک ہر وقت موجود رہتی ہے۔ زیر نظر کتاب میں اسم محمد کا دل ربا تذکرہ ہے، محمد و احمد، نام کے فضائل وکمالات ایمان افروز حکایات، دلچسپ لطائف اور وجد ومحبت سے بھرے عاشقانہ اشعار عرض مولف نے کتاب کو بے حد دلچسپ بنانے کی پوری کوشش کی ہے۔ مقدمہ مولانا محمد اسلم شیخو پوری اور کلمات دعائیہ مولانا قاری منصور احمد صاحب کے قلم سے ہیں۔ انسان کی فطرت عجوبہ پسند ہے اور اس کتاب میں اس کا کافی لوازمہ موجود ہے قاری منصور احمد صاحب فرماتے ہیں

اسم مبارک کے فضائل سے متعلق احادیث تو اکثر ضعیف بلکہ وضع سے متہم ہیں۔

موضوع اور سخت ضعیف احادیث سے استشہاد نہیں کرنا چاہیے۔

کتاب سفید کاغذ پر اہتمام سے طبع کی گئی ہے۔

سی ڈیز دستیاب ہیں

اسلام اور مغرب، موجودہ صورت حال، امکانات، تجاویز/ ڈاکٹر محمود احمد غازی

عصر حاضر کے چیلنجز اور ہماری ذمے داریاں۔ دو روزہ سیمینار

تعلیمات حضرت مجدد اور عصر حاضر/ مولانا زاہد الراشدی

دار العلم والتحقیق، برائے اعلیٰ تعلیم و ٹیکنالوجی

ملنے کا پتہ

مرکز صوت: خواجہ حسن ناصر: 0301-2923229

© rasailojaraid.com